ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((417

مورخہ 09.08.24

# بہاولپور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی ہدایت پر پولیس لائینز بہاولپور میں 15 روزہ اینٹی رائٹ کورس کا جاری۔کورس میں ضلع کے مختلف تھانہ جات وگاردات سے پولیس افسران وجوانوں کی شرکت۔محکمانہ ریفریشر کورسز سے پیشہ ورانہ امور کی انجام دہی کی استعداد کار میں اضافہ ہوتا ہے،ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی ہدایت پر اورڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات کی روشنی میں بہاولپور پولیس لائینز میں 15 روزہ اینٹی رائٹ کورس جاری ہے،جس میں ضلع کے مختلف تھانہ جات اور گاردات سے آئے پولیس ملازمان کو دورجدید کے حامل ترکش اینٹی رائٹ سامان کے متعلق بریف کیا گیا اور خصوصی ٹریزز نے تربیت اور خصوصی لیکچرز دیے۔دوران ریفریشر کورس شرکاء کو اس کے اغراض ومقاصد کے بارہ میں آگاہی دی گئی اور اینٹی رائٹ کے متعلق مکمل بریف کیا گیا کہ کسی بھی ہنگامی صورت حال میں ان کا ردعمل کیسا ہونا چاہیے اور ان کو کس طرح کے حفاظتی انتظامات اپنانے چاہئیں۔اس موقع پر جوانوں نے لا اینڈ آرڈر کے حوالے سے مشتعل ہجوم سے نمٹنے ،مجمع خلاف قانون کو منتشر کرنے اور آنسو گیس کے استعمال کا عملی مظاہرہ کیا۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ہنگامی صورتحال میں متحد رہتے ہوئے منظم طریقے سے اپنے فرائض سرانجام دینے اور مشتعل ہجوم کو کنٹرول کرنے کے ساتھ ساتھ سرکاری املاک کی بھی حفاظت کو یقینی بنایا جاتا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ کورسز سے پیشہ ورانہ امور کی انجام دہی کی استعداد کار میں اضافہ ہوتا ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی ہدایت پر پولیس لائینز بہاولپور میں 15 روزہ اینٹی رائٹ کورس کا جاری۔کورس میں ضلع کے مختلف تھانہ جات وگاردات سے پولیس افسران وجوان عملی مظاہرہ کررہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (418)

09.08.24

**بہاول پور( )ڈی پی او اسد سرفراز خان کے احکامات، جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ، موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت، سیکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات اور ڈی پی او اسد سرفراز خان کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔سیکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے،شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صورتحال کے پیش نظر شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے۔سیکیورٹی فرائض میں غفلت و لاپرواہی بلکل برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں موثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات، جمعتہ المبارک کے موقع پر ضلع بھر کی مساجد و امام بارگاہوں پر پولیس کے افسران و جوان الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں